© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مہتمم صاحب کے اسفار:

۲۷ر دسمبر ۲۰۱۲ء کو کراچی میں دفاع پاکستان کونسل کی دعوت پر کراچی اور سندھ کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں پر مشتمل آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے انعقاد کا مقصد کراچی کے ناگفتہ حالات اور علماء طلباء اور معصوم شہریوں کی بڑھتی ہوئی ٹارگٹ کلنگ اور امن کی ابتر صورتحال کے حوالے، دینی اور سیاسی قیادت کو ان مسائل کے حل پر متفق و متحد کرنا تھا۔

۲۶ر دسمبر کو امیر جماعت اسلامی، جناب منور حسن صاحب کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی، اس کے علاوہ سابق امیر جماعت اسلامی و معروف سیاسی رہنما نامور دانشور، پارلیمنٹرین جناب پروفیسر عبدالغفور کی نماز جنازہ میں بھی شرکت کی۔ پشاور میں 31 دسمبر کو صوبہ سرحد کے معروف مقرر، خطیب، عالم دین حضرت مولانا محمد امیر بجلی گھر ؒ کی نماز جنازہ میں دارالعلوم کی طرف سے شرکت کی اور تفصیلی خطاب بھی فرمایا۔ آپ کے ہمراہ شیخ الحدیث ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ بھی تھے۔

۲ر جنوری ۲۰۱۳ء کو محسن پاکستان اور عالم اسلام کے ہیرو جناب ڈاکٹر عبدالقدیر خان سے اسلام آباد میں ملکی، سیاسی اور موجودہ نازک صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

۳ر جنوری کو اسلام آباد میں ایک اہم میٹنگ کا انعقاد ہوا جس میں پانچ جماعتی اتحاد متحدہ دینی محاذ کے دستور و منشور اور انتظامی ڈھانچوں پر غور کیا گیا، اس موقع پر بعض ملکی اور غیر ملکی ٹی وی چینلز کو انٹرویو بھی دیئے گئے۔

## دارالعلوم میں صحافیوں کی آمد:

سچ ٹی وی چینل کی دارالعلوم آمد اور مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا جو کہ ۲۴ر دسمبر کو رات آٹھ بجے سچ چینل سے یہ انٹرویو نشر ہوا۔

## دارالعلوم اور حضرت مہتمم صاحب کے ایک عقیدت مند کی جدائی:

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے انتہائی مخلص اور عقیدت مند ساتھی جناب نیاز خان مرحوم گزشتہ دنوں اچانک حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال فرماگئے۔ آپ جمعیت علماء اسلام کے انتہائی فعال اور مخلص رہنما تھے۔ حضرت مولانا مدظلہ نے ان کے گاؤں جاکر ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور پسماندگان سے دلی تعزیت کی۔

© rasailojaraid.com